☆☆☆☆



Roll No.________ اُمیدوار خود پُر کرے

**(For all Session)**

| Paper Code | 7 | 0 | 2 | 7 |
|---|---|---|---|---|

# اُردو لازمی (معروضی) گروپ-I

وقت: 20 منٹ
نمبر: 15

**نوٹ:** تمام سوالات کے جوابات دی گئی معروضی جوابی کاپی پر لکھیے ہر سوال کے چار ممکنہ جوابات A,B,C اور D دیئے گئے ہیں، جس جواب کو آپ درست سمجھیں، جوابی کاپی پر اس سوال نمبر کے سامنے جزو A، B، C یا D کے دائروں میں سے متعلقہ دائرے کو مارکر یا پین کی سیاہی سے بھر دیں۔

1.1. رشید احمد صدیقی نے خطوط کس شہر سے بھجوائے؟
(A) دلی (B) علی گڑھ (C) لاہور (D) لکھنؤ

2. اپنے گاؤں کو چھوڑ کر چغل خور کہاں پہنچا؟
(A) قصبے میں (B) شہر میں (C) دوسرے گاؤں میں (D) بیرون ملک

3. نظم ''کسان'' کس شاعر کی تخلیق ہے؟
(A) جوش ملیح آبادی (B) جمیل الدین عالی (C) میر انیس (D) دلاور فگار

4. مسدس کا ہر بند کتنے مصرعوں پر مشتمل ہوتا ہے؟
(A) دو (B) تین (C) چھ (D) سات

5. حسرت موہانی نے کس چیز کو رہنما ٹھہرایا ہے؟
(A) وصلِ محبوب (B) محبوب کی تمنا (C) واعظ کی نصیحت (D) غمِ روزگار

6. ''مسجد'' گرائمر کی رو سے کیا ہے؟
(A) اسمِ صوت (B) اسمِ آلہ (C) اسمِ مصدر (D) ظرفِ مکاں

7. وہ فعل جس کا فاعل معلوم ہو، کہلاتا ہے۔
(A) فعل لازم (B) فعل معروف (C) فعل مجہول (D) فعل تام

8. مرکب کی کتنی اقسام ہیں؟
(A) ایک (B) دو (C) تین (D) چار

9. ''نفاست'' کا درست تلفظ ہے۔
(A) نَفَاسَت (B) نُفَاسِت (C) نِفَاسِت (D) نِفَاسُت

10. ''مسافر'' کا درست تلفظ ہے۔
(A) مَسَافِر (B) مُسَافُر (C) مُسَافِر (D) مَسَافُر

11. پرستان میں پھل دار پودے بڑے تھے۔
(A) بالشت بھر (B) چھ فٹ (C) ایک ایک فٹ (D) گز بھر

12. سبق ''ملمع'' کے ماخوذ کے نام کیا ہے؟
(A) وہ لوگ (B) سب افسانے میرے (C) ہائے اللہ (D) چوری چھپے

13. مرزا صاحب پنشن کا بڑا حصہ صرف کرتے تھے۔
(A) جائیداد خریدنے پر (B) خیرات کرنے میں (C) کتابوں پر (D) کھانے پینے پر

14. میر مجروح کے خط میں کس کی بیٹی کی پیدائش کا ذکر ہے؟
(A) میر مجروح (B) میر نصیر الدین (C) میرن (D) شاہ محمد عظیم

15. قدرت اللہ شہاب کس شہر کے ڈپٹی کمشنر تھے؟
(A) لاہور (B) جھنگ (C) ملتان (D) ڈیرہ غازی خان